**06-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

---

Music

---

☆ مرکز میں نئی حکومت کی تشکیل سے قبل سرگرمیاں زور وشور سے جاری ہے۔ NDA پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کل نئی دلّی میں ہوگی۔

☆ آئی این ڈی آئی اے بلاک کے لیڈروں نے مزید حکمت عملیاں تیار کرنے کی غرض سے قومی راجدھانی میں بہت سی میٹنگیں کیں۔

☆ مرکز نے گرمیوں کے دوران گرمی کی لہر سے متعلق تیاریوں اور اسپتالوں میں لگنے والی آگ کو روکنے کے اقدامات پر ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ساتھ جائزہ میٹنگ کی۔

☆ جنوب مغربی مانسون کرناٹک، مہاراشٹر، تلنگانہ اور ساحلی آندھراپردیش کے حصوں میں مزید آگے بڑھ گیا ہے۔

☆ شوٹنگ میں، بھارت کے سربجوت سنگھ نے، جرمنی کے میونخ میں ISSF عالمی کپ کے مردوں کے دس میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں طلائی تمغہ حاصل کیا ہے۔

☆ اور جکارتہ میں، انڈونیشیا اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں سرکردہ کھلاڑی لکشیہ سین کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**Nadda Meeting**

مرکز میں نئی حکومت کے قیام کے تناظر میں نئی دلّی میں میٹنگوں کا دور جاری ہے۔ حکومت کے قیام کی تیاری کر رہے قومی جمہوری اتحاد، NDA کی پارلیمانی پارٹی میٹنگ، کل قومی راجدھانی میں ہوگی۔ BJP، TDP، JDU، LJP رام ولاس، شیوسینا شندے گروپ اور جنتا دل سیکولر سمیت NDA کی حلیف سیاسی جماعتوں کے نو منتخبہ اراکینِ پارلیمنٹ کل ہونے والی اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

اِس دوران BJP اور جنتا دل یونائیٹیڈ کے رہنما نئی دلّی میں الگ الگ میٹنگیں کر رہے ہیں۔ مزید تفصیلات

ہمارے نامہ نگار سے:

VC-Diwaker/ Durgesh

BJP صدر JP نڈّا اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ کو کابینہ کی تشکیل کیلئے NDA میں شریک جماعتوں کے ساتھ ملاقاتوں کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ جناب نڈّا نے آج سینئر BJP رہنماؤں اور مرکزی وزیروں کے ساتھ طویل میٹنگ کی۔ اِس میٹنگ میں مرکزی وزراء امت شاہ، راج ناتھ سنگھ، پیوش گوئل، پرلہاد جوشی، منسکھ مانڈویہ اور اشونی ویشنو کے علاوہ BJP کے جنرل سکریٹریوں تَرون چگ اور ونود تاوڑے نے بھی شرکت کی۔ وہیں JDU کے کئی سینئر رہنماؤں نے بھی پارٹی صدر اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار سے نئی دلّی میں اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔

NDA پارلیمانی پارٹی میٹنگ کے تناظر میں JDU پارلیمانی پارٹی کی بھی کل میٹنگ ہوگی۔

وزیر اعظم نریندر مودی کو اتحاد کے رہنما کے طور پر پہلے ہی چُن لیا گیا ہے۔

نئی دلّی سے دواکر اور درگیش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## JD(U) Cabinet Berth

جے ڈی یو نے آج کہا کہ NDA کی نئی حکومت میں کابینہ کی نشست سے متعلق اُس نے کوئی شرط نہیں رکھی ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان کے سی تیاگی نے کہا کہ کابینہ کی تشکیل سے متعلق NDA اتحاد سے بات چیت کرنے کی ذمہ داری BJP کے صدر جے پی نڈّا اور مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ کو سونپی گئی ہے اور اِس سلسلے میں میٹنگیں کی جارہی ہیں۔ البتہ اُنھوں نے کہا کہ JDU بہار کیلئے خصوصی درجہ چاہتی ہے کیونکہ یہ غریبی، بے روزگاری اور ریاست سے نقل مکانی کے معاملات پر توجہ مرکوز کرنے میں مدد کرے گا۔

S/B 1400 KC Tyagi

## NDA Ally Chirag Paswan

لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے صدر چراغ پاسوان نے، BJP کے دیگر اتحادیوں کے ساتھ اپنے بارے میں اُن خبروں کو مسترد کردیا ہے کہ اپوزیشن کے لیڈر اُن تک رسائی کر رہے ہیں۔ البتہ اُنھوں نے الزام لگایا کہ اپوزیشن اِس طرح کی کوششیں کرسکتی ہیں کیونکہ اُن کے نزدیک مطمح نظر کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے تئیں اپنی مکمل حمایت کا اظہار کیا۔

جناب پاسوان نے کہا کہ NDA کو جناب مودی کو تیسری مرتبہ وزیر اعظم بنانے کیلئے حقِ رائے دہی حاصل ہوا ہے اور کوئی بھی اتحادی اِس میں خلل نہیں ڈال سکتا۔x

## EVE Odisha Govt Formation

اڈیشہ میں پہلے BJP وزیر اعلیٰ کیلئے مقابلہ آرائی میں اضافہ ہو رہا ہے جس میں کم سے کم آدھے درجن نام سامنے آرہے ہیں۔ تمام 20 نو منتخب ارکان پارلیمنٹ سمیت پارٹی کے ریاستی لیڈر، دلّی میں قیام کئے ہوئے ہیں اور

توقع ہے کہ وہ کل اِس معاملے پر مرکزی لیڈروں کے ساتھ ملاقات کریں گے۔ BJP کی مرکزی قیادت، پارلیمانی بورڈ کی میٹنگ میں، اڈیشہ کے نئے وزیر اعلیٰ کے نام کا فیصلہ لینے سے قبل ارکان پارلیمنٹ اور دیگر لیڈروں کی رائے حاصل کرے گی۔ توقع ہے کہ اِس نام کا فیصلہ اتوار سے قبل کیا جاسکتا ہے کیونکہ وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے، اپنی انتخابی مہم کے دوران یہ اعلان کیا تھا کہ نئے BJP وزیر اعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب اِس مہینے کی 10 تاریخ کو منعقد کی جائے گی۔x

## Opposition Leaders Meetings

آئی این ڈی آئی اے بلاک کے لیڈروں نے آج قومی راجدھانی میں بہت سی میٹنگیں کیں۔ ترنمول کانگریس کے قومی جنرل سکریٹری اور ممبر پارلیمنٹ ابھیشیک بنرجی اور پارٹی لیڈر Derek O'Brien نے آج سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو سے نئی دلّی میں اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ عام آدمی پارٹی کے لیڈر اور راجیہ سبھا کے رکن پارلیمنٹ راگھوچڈھا نے شیوسینا-یو بی ٹی کے لیڈر سنجے راوت کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ یہ میٹنگیں، لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے بعد، قومی راجدھانی میں کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کی رہائش گاہ پر آئی این ڈی آئی اے بلاک کے ذریعے منعقدہ اپنے اتحاد کی پہلی میٹنگ کے ایک روز بعد ہوئی ہیں۔x

## EC President

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے، انتخابی کمشنروں گیان ایش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سَندھو کے ساتھ آج شام راشٹر پتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ انھوں نے انتخابی کمیشن کے ذریعے جاری کردہ نوٹیفکیشن کی ایک نقل صدرجمہوریہ کو پیش کی جس میں 18ویں لوک سبھا کے عام انتخابات کے بعد لوک سبھا کیلئے منتخب ارکان کے نام شامل ہیں۔ صدرجمہوریہ مرمو نے اعلیٰ انتخابی کمشنر اور انتخابی کمشنروں کو انتخابی عمل کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد دی۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اُن کروڑوں رائے دہندگان کی ستائش کی جنھوں نے اتنی بڑی تعداد میں انتخابی عمل میں حصہ لیا۔x

## LS Secretariat 18th Lok Sabha

متعدد نومنتخب ارکانِ پارلیمنٹ نے دلّی پہنچنا شروع کر دیا ہے۔ لوک سبھا سکریٹریٹ نے 18 ویں لوک سبھا کے ممبران کا خیر مقدم کرنے کیلئے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ ایک ریلیز میں سکریٹریٹ نے کہا کہ رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کیلئے نئے منتخب شدہ اراکین کا رجسٹریشن آن لائن انٹیگریٹیڈ سافٹ ویئر اپلی کیشن کے ذریعے کیا جائے گا۔ نئے منتخب شدہ اراکین کا SBI بینک اکاؤنٹ ، Permanant Identity Card اور سینٹرل گورنمنٹ ہیلتھ اسکیم کارڈ ایک ساتھ بنانے کیلئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔ x

## RS Election

آج انتخابی کمیشن نے کیرالہ میں راجیہ سبھا کی تین نشستوں کے انتخابات کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیا۔ CPI لیڈر Binoy Biswam، سی پی آئی ایم کے لیڈر Elamaram Kareem اور کے سی (ایم) کے لیڈر Jose K Mani کی مدت یکم جولائی کو ختم ہو رہی ہے۔ مہاراشٹر سے راجیہ سبھا کی ایک سیٹ پر ضمنی انتخابات کیلئے بھی نوٹیفکیشن آج جاری کیا گیا۔ یہ نشست NCP کے لیڈر پرفل پٹیل کے استعفے کے باعث خالی ہوگئی تھی۔ نوٹیفکیشن کے اجراء کے ساتھ کیرالہ اور مہاراشٹر میں چار سیٹوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ کاغذاتِ نامزدگی اِس مہینے کی 13 تاریخ تک داخل کئے جاسکتے ہیں۔ پولنگ 25 جون کو ہوگی۔x

## EC Model Code of Conduct

انتخابی کمیشن نے، لوک سبھا انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد، آج مثالی ضابطۂ اخلاق (MCC) کو ختم کردیا ہے۔ مثالی ضابطۂ اخلاق، لوک سبھا انتخابات کے اعلان کے ساتھ 16 مارچ کو نافذ کیا گیا تھا۔ البتہ مثالی ضابطۂ اخلاق، کرناٹک، مہاراشٹر اور تلنگانہ کے گریجویٹس اور ٹیچرس حلقوں میں، گریجویٹس اور ٹیچرس حلقوں سے قانون ساز کونسل کے دو سالہ/ضمنی انتخابات کے باعث ابھی تک نافذ ہے۔x

## Preparations Swearing IN

مسلسل تیسری مدت کیلئے بھارت کے وزیر اعظم کے طور پر نریندر مودی کی حلف برداری کی تقریب سے قبل، معلومات اور نشریات کے سکریٹری سنجے جاجو، پرسار بھارتی کے CEO گورو دیویدی، آکاشوانی کی DG موشمی چکرورتی اور دور درشن کی DG کنچن پرساد اور دیگر سمیت سینئر افسران نے نئی دلّی کے راشٹرپتی بھون میں کوریج کیلئے تیاریوں کا جائزہ لیا۔x

## Health Ministry Heatwave

صحت کی مرکزی وزارت نے گرمی کی لہر اور گرمیوں کے مہینوں کے دوران اسپتالوں میں آگ لگنے کے واقعات کو روکنے کے اقدامات سے متعلق تیاریوں پر ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ساتھ آج ایک جائزہ میٹنگ کی۔ صحت خدمات کے ڈائریکٹوریٹ جنرل ڈاکٹر اتُل گوئل کے ذریعے ورچوئل طور پر منعقدہ میٹنگ میں، ملک بھر میں صحت دیکھ بھال کی مختلف سہولیات کے ذریعے اختیار کردہ آگ اور بجلی سے تحفظ کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران، یہ بتایا گیا کہ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے کے اعلیٰ سطحی حکام صورتحال کی چابکدستی سے نگرانی کر رہے ہیں۔ انھوں نے مریضوں، عملے اور مریضوں کو دیکھنے کیلئے آنے والے افراد کو، آگ لگنے کے کسی غیر متوقع واقعہ کی صورت میں بچانے کیلئے، معیاری آپریٹنگ ضابطوں کے ساتھ ایک ہنگامی جوابدہی منصوبہ بنایا ہے۔ مدھیہ پردیش جیسی ریاستوں نے تمام سرکاری اور نجی اسپتالوں میں آگ سے بچاؤ کے واقعات سے متعلق Mock-drill مشقیں کی ہیں۔x

## NCMC Review Meet

مرکزی کابینی سکریٹری راجیو گوبا نے آج قدرتی آفات سے نمٹنے کی قومی کمیٹی، NCMC کی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ میں گرمی کی لہر اور جنگل کی آگ سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔

میٹنگ کے دوران قدرتی آفات سے نمٹنے کی قومی اتھارٹی NDMA اور ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے محکمے نے گرمی کی لہر اور جنگل کی آگ کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی Presentations کیں، جن میں اِن آفات سے نمٹنے کیلئے ملک بھر میں کئے جا رہے اقدامات بھی شامل تھے۔ میٹنگ کے دوران کابینی سکریٹری نے چیف سکریٹریوں سے درخواست کی کہ وہ قلیل مدتی، وسط مدتی اور طویل مدتی اقدامات کا لگاتار جائزہ لیتے رہیں تاکہ گرمی کی لہر سے نمٹنے کیلئے کی جا رہی تیاریوں میں تیزی لائی جاسکے۔ x

## IMD Eve

جنوب مغربی مانسون وسطی بحیرۂ عرب کے کچھ اور حصوں سمیت کرناٹک، مہاراشٹر، تلنگانہ، ساحلی آندھرا پردیش اور خلیج بنگال کے زیادہ تر حصوں میں مزید آگے بڑھ گیا ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کونکن، گوا، مہاراشٹر، مراٹھ واڑا، سوراشٹر، کچھ، ساحلی آندھرا پردیش، یانم، رائل سیما، تلنگانہ اور کرناٹک میں آئندہ پانچ دنوں میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی سطح کی بارش کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ شمالی مشرقی خطے، مغربی بنگال اور سکم میں اگلے پانچ دنوں میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ شمالی مغربی بھارت میں کل تک گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

محکمۂ موسمیات نے مزید کہا ہے کہ موسم کے لحاظ سے یہی صورتحال اگلے تین سے چار روز کے دوران جموں وکشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی رہنے کی توقع ہے۔ x

## SC Water

سپریم کورٹ نے ہماچل پردیش حکومت کو پانی کی کمی سے دو چار دلّی کیلئے 137 کیوسک اضافی پانی چھوڑنے کی ہدایت دی ہے۔ جسٹس PK مشرا اور جسٹس KV وشوناتھن پر مشتمل تعطیلاتی بینچ نے کہا کہ ہماچل پردیش حکومت کو اِس بارے میں کوئی اعتراض نہیں ہے اور وہ اپنے پاس موجود اضافی پانی کے اخراج کیلئے تیار ہے۔ سپریم کورٹ نے ہریانہ حکومت سے بھی کہا ہے کہ وہ ہماچل پردیش کی جانب سے چھوڑے جان والے اضافی پانی کے قومی راجدھانی تک پہنچنے میں مدد کرے۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی واضح کیا کہ دلّی حکومت، پانی کو ضائع نہ ہونے دے۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ ہماچل پردیش 137 کیوسک اضافی پانی کل ہریانہ کو پیشگی اطلاع دینے کے بعد چھوڑے۔ معاملے کی اگلی سماعت کیلئے عدالت نے پیر کا دن مقرر کیا ہے۔ x

## Badminton

نشانے بازی میں سربجوت سنگھ نے آج جرمنی کے میونخ میں ISSF ورلڈ کپ میں مردوں کے 10 میٹر ایئر

پسٹل مقابلے میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔ اس ٹورنامنٹ میں بھارت کیلئے یہ پہلا تمغہ ہے۔ 22 سالہ بھارتی کھلاڑی نے فائنل میں چین کے Bu Shuaihang کو شکست دی۔ وہیں جرمنی کے رابن والٹر نے کانسے کا تمغہ اپنے نام کیا۔

دوسری جانب بیڈمنٹن میں، مایہ ناز کھلاڑی لکشیہ سین جکارتہ میں انڈونیشیا اوپن کے مردوں کے سنگلز کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ بھارتی کھلاڑی نے آج جاپان کے Kehata Nishimoto کو سیدھے سیٹوں میں اکیس-نو، اکیس-پندرہ سے شکست دے دی۔x

## IPEF Indian Delegation

آج بھارت نے، خوشحالی کیلئے بھارت-بحرالکاہل اقتصادی فریم ورک (IPEF) صاف اقتصادی سرمایہ کاری فورم کے افتتاح میں شرکت کی، جو کہ سنگاپور میں جاری ہے۔ بھارتی وفد کی قیادت کامرس کے محکمے کے سکریٹری سنیل Barthwal نے کی۔ اِس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے جناب Barthwal نے فورم کا ایک ایسا منفرد پلیٹ فارم ہونے کا اعتراف کیا جو کہ عالمی سرمایہ کاروں، پروجیکٹ شروع کرنے والوں، پالیسی سازوں، اکیڈمیا کو ایک چھت کے نیچے لایا ہے، جو کہ بھارت-بحرالکاہل خطے میں پائیدار بنیادی ڈھانچے کی جانب پیشرفت کرنے میں کلیدی ثابت ہوگا۔x

## India Oman Navy

سمندری ڈومین میں بھارت اور عمان کے درمیان موجودہ دفاعی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی ایک کوشش میں، بھارتی بحریہ اور عمان کی شاہی بحریہ کے درمیان عملے کی سطح کی بات چیت کا چھٹا ایڈیشن، چار اور پانچ جون کو نئی دلّی میں منعقد کیا گیا۔ کموڈور (ایف سی) کموڈور من میت سنگھ کھورانہ، نے بھارتی بحریہ کے وفد کی قیادت کی جبکہ عمان کی شاہی بحریہ کے وفد کی قیادت فضائی آپریشن اور منصوبوں کے ڈائریکٹر کموڈور جسیم محمد علی البلوشی نے کی۔ عملے کی سطح کی بات چیت کے دوران فریقین نے عام سمندری تحفظاتی چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا جن کی سمندر میں Interoperability میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے آپریشن جاتی تعاون، معلومات کے اشتراک، سمندری ڈومین سے متعلق بیداری، تربیت، موسمیات، جغرافیائی اور تکنیکی امداد سے تعلق رکھنے والے معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆